رول نمبر: _______________

جوابی کاپی نمبر: _____________

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **متوسطہ سال اول** | پرچہ: **پہلا** | مضمون: **دراسۃ القرآن**

تاریخ: **12-02-2024** | دن: **پیر** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: قرآن کے حکم کے مطابق قرآن کو کون کون چھو سکتا ہے؟

سوال نمبر 2: اللہ پاک نے حضرت آدم علیہ السلام و حوا کو کس چیز سے پیدا کیا؟

سوال نمبر 3: اصحاب کہف نے شہر چھوڑنے کا فیصلہ کیوں کیا؟

سوال نمبر 4: نماز کی اہمیت پر تین جملے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: نبی پاک ﷺ کا سب سے بڑا معجزہ کیا ہے؟

سوال نمبر 6: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے قبطی کو کس کام سے روکا؟

سوال نمبر 7: سورۃ التین میں اللہ پاک نے انسان کی تخلیق کے بارے میں کیا فرمایا؟

سوال نمبر 8: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کوئی دو معجزوں کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: فرعونیوں سے عذاب کیسے دور ہوتا تھا؟

سوال نمبر 10: جالوت کو کس نے قتل کیا؟

سوال نمبر 11: جالوت اور اس کی قوم بنی اسرائیل پر کیا ظلم کرتے تھے؟

سوال نمبر 12: معاف کرنے کے کوئی دو فائدے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: جنات کو حضرت سلیمان علیہ السلام کی وفات کا علم کیسے ہوا؟

سوال نمبر 14: حضرت سلیمان علیہ السلام نے کتنی دور سے چیونٹی کی آواز سنی؟

سوال نمبر 15: احمر اپنی گفتگو میں کس بات کے حوالے دیتا تھا؟

سوال نمبر 16: کفار کی طرف بھیجے گئے سب سے پہلے رسول کون تھے؟

سوال نمبر 17: حضرت نوح علیہ السلام پر ایمان لانے والوں کی تعداد کتنی تھی؟

سوال نمبر 18: ملکہ بلقیس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی خدمت میں تحائف کیوں بھیجے؟

سوال نمبر 19: شایان کو امی نے روزہ کیوں نہیں رکھنے دیا؟

سوال نمبر 20: عادیات (والعادیات) کسے کہتے ہیں؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: جو لوگ مرنے کے بعد اٹھنے کا انکار کرتے تھے انہیں کس طرح یقین آیا؟

سوال نمبر 2: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا کوئی ایک معجزہ تفصیل سے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: حضرت موسیٰ علیہ السلام اور جادوگروں کے درمیان مقابلے کو تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: حضرت داؤد علیہ السلام اور قوم عمالقہ کا واقعہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: حضرت سلیمان علیہ السلام تک ملکہ بلقیس کا تخت لائے جانے کا واقعہ تحریر کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنز المدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **متوسط سال اول** | پرچہ: **پہلا** | مضمون: **دراسۃ القرآن**

تاریخ: **12-02-2024** | دن: **پیر** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: __________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: قرآن پاک میں حضرت آدم علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا ہے؟

(الف) 20 (ب) 23 (ج) 25 (د) 26

سوال نمبر 2: اللہ پاک نے حضرت آدم علیہ السلام کو۔۔۔ کی وجہ سے فرشتوں سے افضل قرار دیا۔

(الف) علم (ب) عبادت (ج) انسانیت (د) روحانیت

سوال نمبر 3: اصحاب کہف کے ساتھ۔۔۔ تھا۔

(الف) کبوتر (ب) کتا (ج) بلی (د) شیر

سوال نمبر 4: غار کی دیوار۔۔۔ نے گرائی۔

(الف) معمار (ب) قتریر (ج) سپاہی (د) چرواہے

سوال نمبر 5: باجماعت نماز پڑھنے کا ثواب تنہا نماز کے مقابلے میں۔۔۔ درجے افضل ہے۔

(الف) 15 (ب) 20 (ج) 27 (د) 72

سوال نمبر 6: مومن اور کافر کے درمیان بڑا فرق۔۔۔ ہے۔

(الف) روزہ (ب) دولت (ج) نماز (د) زکوۃ

سوال نمبر 7: التین کا معنی۔۔۔ ہے۔

(الف) زیتون (ب) انجیر (ج) خالص دودھ (د) شہد

سوال نمبر 8: ۔۔۔ کے ذریعے سچے اور جھوٹے نبی میں فرق ہوتا ہے۔

(الف) کتاب (ب) علم (ج) معجزہ (د) عمل

سوال نمبر 9: حضرت۔۔۔ نے چاند کے دو ٹکڑے کا معجزہ دکھایا۔

(الف) عیسیٰ علیہ السلام (ب) موسیٰ علیہ السلام (ج) محمد ﷺ (د) ابراہیم علیہ السلام

سوال نمبر 10: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شادی حضرت۔۔۔ کی بیٹی سے ہوئی۔

(الف) ادریس علیہ السلام (ب) یوسف علیہ السلام (ج) ہارون علیہ السلام (د) شعیب علیہ السلام

سوال نمبر 11: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے۔۔۔ کو گھونسا مارا۔

(الف) بنی اسرائیل (ب) بلعم بن باعورا (ج) قبطی (د) جالوت

سوال نمبر 12: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بھائی کا نام۔۔۔ ہے۔

(الف) داؤد علیہ السلام (ب) ہارون علیہ السلام (ج) عیسیٰ علیہ السلام (د) شعیب علیہ السلام

سوال نمبر 13: اللہ نے شیطان کو۔۔۔ سے پیدا کیا۔

(الف) آگ (ب) نور (ج) لوہے (د) مٹی

سوال نمبر14: سب سے پہلے جھوٹی قسم۔۔۔ نے کھائی۔

(الف) قابیل (ب) نمرود (ج) فرعون (د) شیطان

سوال نمبر15: اصحاب کہف۔۔۔ میں رہتے تھے۔

(الف) مصر (ب) ایران (ج) یمن (د) شام

سوال نمبر16: بادشاہ نے غار کے کنارے۔۔۔ بنانے کا حکم دیا۔

(الف) محل (ب) تالاب (ج) بازار (د) مسجد

سوال نمبر17: اولیاء سے جو کام خلاف عادت ظاہر ہوں وہ۔۔۔ کہلاتے ہیں۔

(الف) کرامات (ب) عجائب (ج) معجزے (د) الف اور ج

سوال نمبر18: باجماعت نماز ادا کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف) سنت (ب) مستحب (ج) مباح (د) لازم وضروری

سوال نمبر19: احسن تقویم کا معنی۔۔۔ ہے۔

(الف) بھلائی (ب) اچھی صورت (ج) نیکی (د) اوڑھنا

سوال نمبر20: حضرت۔۔۔ کوڑھ کے مریضوں کو شفا دیتے تھے۔

(الف) عیسیٰ علیہ السلام (ب) ابراہیم علیہ السلام (ج) زکریا علیہ السلام (د) یحییٰ علیہ السلام

سوال نمبر21۔۔۔ نے حضرت موسی کے دور میں خدائی کا دعوی کیا۔

(الف) نمرود (ب) فرعون (ج) قارون (د) ہامان

سوال نمبر22: فرعون اور اس کی قوم۔۔۔ میں غرق ہوئی۔

(الف) نیل (ب) فرات (ج) بیاس (د) دجلہ

سوال نمبر23: قوم عمالقہ۔۔۔ کے درمیان میں آباد تھی۔

(الف) مصر و فلسطین (ب) یمن و شام (ج) مکہ و مدینہ (د) بصرہ و کوفہ

سوال نمبر24: ۔۔۔ تابوت سکینہ بنی اسرائیل کے پاس لائے۔

(الف) جالوت (ب) طالوت (ج) آصف بن برخیا (د) فرشتے

سوال نمبر25: سورج کو واپس پھیرنا۔۔۔ کا معجزہ ہے۔

(الف) آدم علیہ السلام (ب) ہمارے نبی ﷺ (ج) نوح علیہ السلام (د) موسیٰ علیہ السلام

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: متوسط سال اول | پرچہ: دوسرا | مضمون: موضوعات القرآن

تاریخ: 13-02-2024 | دن: منگل | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

رول نمبر: _______________

جوابی کاپی نمبر: _______________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: تیمّم کے کتنے اور کون کونسے فرائض ہیں؟

سوال نمبر 2: وضو کی فضیلت پر کوئی ایک حدیث مبارکہ اردو میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: آیت مبارکہ ﴿ وَاِذَانَادَیْتُمْ اِلَی الصَّلٰوۃِ ﴾ سے معلوم ہونے والے کوئی سے 2 مسائل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: شراب کی مذمت پر ایک حدیث مبارکہ کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: شراب نوشی کے کوئی سے 4 نقصانات (بھیانک نتائج) قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر 6: جوئے کی مذمت میں کوئی ایک حدیث پاک اردو میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: سنت پر عمل کرنے کا ثواب کیا ہے؟ حدیث پاک کی روشنی میں بتائیں۔

سوال نمبر 8: برائی سے روکنے کی فرضیت واہمیت کے بارے میں کوئی ایک آیت مبارکہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: حالت جنگ کی وہ کون سی دو صورتیں ہیں جن میں انسان پیٹھ دکھا کر بھاگنے والا شمار نہیں کیا جاتا؟

سوال نمبر 10: غزوہ موتہ میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟ اور ان کے مدمقابل فوج کی تعداد کتنی تھی؟

سوال نمبر 11: اطاعتِ رسول کی اہمیت کے متعلق کوئی ایک آیت قرآنی لکھئے۔

سوال نمبر 12: نبی آخر الزمان ﷺ اپنے لیے اکثر کون سی دعا فرمایا کرتے تھے؟

سوال نمبر 13: آیت مبارکہ ﴿یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ﴾ میں اللہ ورسول سے خیانت کرنے سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 14: ایمان کیا ہے؟

سوال نمبر 15: دین کو دنیا کمانے کا ذریعہ بنانے کی مذمت میں کوئی ایک حدیث پاک اردو میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: سچائی کی فضیلت اور جھوٹ کی مذمت حدیث کی روشنی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 17: مرید بننے کا اہم مقصد کیا ہے؟

سوال نمبر 18: "اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے" اس سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 19: نماز کے کوئی سے 2 فضائل قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر 20: سجدہ کی فضیلت پر ایک حدیث کا اردو میں ترجمہ تحریر کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: حضور سید المرسلین ﷺ کے عفو و درگزر کے متعلق کتاب میں موجود واقعہ کو ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 2: خانہ کعبہ کی تعظیم و تقدیس کا سبب بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: کسی مالدار صحابی کے راہ خدا میں خرچ کرنے کا واقعہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: تقوی کی برکتیں کیا ہیں؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کے مال صدقہ کرنے کا واقعہ ذکر کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **متوسطہ سال اول** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **موضوعات القرآن**

تاریخ: **13-02-2024** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: __________ دستخط نگران مرکز امتحان: __________ دستخط مقتش: __________

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: ایک سفر میں ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کا۔۔۔ مدینہ طیبہ کے قریب کسی مقام میں گم ہو گیا۔

(الف) کنگن (ب) جوتا (ج) ہار (د) رومال

سوال نمبر 2: تیمّم میں۔۔۔ فرض ہیں۔

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

سوال نمبر 3: ہبار بن اسود نے۔۔۔ کو نیزہ مارا جس کی وجہ سے آپ اونٹ سے گر گئیں اور آپ کا حمل ساقط ہو گیا۔

(الف) حضرت رقیہ (ب) حضرت زینب (ج) حضرت ام کلثوم (د) حضرت فاطمہ

سوال نمبر 4: نبی کریم ﷺ نے ہبار بن اسود کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

(الف) قتل کر دیا (ب) شہر سے نکال دیا (ج) معاف کر دیا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: سفر ہجرت میں آقا کریم ﷺ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ کے ساتھ۔۔۔ ٹھہرے۔

(الف) کوہ طور پر (ب) غار حرا میں (ج) میدان عرفات میں (د) غار ثور میں

سوال نمبر 6: عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کہتے ہیں۔

(الف) خدا (ب) نبی (ج) خدا کا بیٹا (د) پہلا اور تیسرا

سوال نمبر 7: جب لوگ قحط میں مبتلا ہوتے تو۔۔۔ حضرت عباس بن عبد المطلب کے وسیلے سے بارش کی دعا کرتے۔

(الف) حضرت ابو بکر صدیق (ب) حضرت عمر بن خطاب (ج) حضرت عثمان ذوالنورین (د) حضرت علی المرتضٰی

سوال نمبر 8: منافقین کا سردار۔۔۔ کہا جاتا ہے۔

(الف) عبداللہ بن اُبَی کو (ب) ابو جہل کو (ج) ابو لہب کو (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: شیخ ابو عبداللہ خیاط کے پاس ایک آتش پرست کپڑے سلواتا اور ہر بار۔۔۔ دے جاتا تھا۔

(الف) درہم (ب) دینار (ج) اشرفی (د) ایک کھوٹا سکہ

سوال نمبر 10: حضرت عبداللہ بن جحش نے۔۔۔ میں حضرت سعد سے کہا "کہ آؤ مل کر دعا کریں"۔

(الف) غزوہ بدر (ب) غزوہ احد (ج) غزوہ خندق (د) غزوہ حنین

سوال نمبر 11: حضرت انس بن نضر چچا تھے۔

(الف) حضرت انس کے (ب) حضرت عمر کے (ج) حضرت زید کے (د) حضرت زبیر کے

سوال نمبر 12: حضرت انس بن نضر کے جسم پر۔۔۔ سے زیادہ تلواروں، تیروں، اور نیزوں کے زخم تھے۔

(الف) 70 (ب) 80 (ج) 90 (د) 100

سوال نمبر 13: ۔۔۔ جنگ صفین کیلئے روانہ ہوئے تو راستے میں آپ کی زرہ اونٹ سے گر گئی۔

(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت عمر (ج) حضرت عثمان (د) حضرت علی

سوال نمبر14: نبی کریم ﷺ نے۔۔۔کے بارے میں دس شخصوں پر لعنت کی۔

(الف) سود (ب) رشوت (ج) شراب (د) زنا

سوال نمبر15: زمانہ جاہلیت میں کفار نے۔۔۔ تیر بنائے ہوئے تھے۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر16: جس نے کاہن سے کسی چیز کے بارے میں پوچھا تو۔۔۔تک اس کی توبہ روک دی جاتی ہے۔

(الف) 20راتوں (ب) 30راتوں (ج) 40راتوں (د) 50راتوں

سوال نمبر17: فسادِ امت کے وقت جو شخص میری سنت پر عمل کرے گا اسے۔۔۔شہیدوں کا ثواب عطا ہوگا۔

(الف) 70 (ب) 80 (ج) 100 (د) 1000

سوال نمبر18: بیت اللہ۔۔۔کہا جاتا ہے۔

(الف) خانہ کعبہ کو (ب) مسجد اقصیٰ کو (ج) مسجد نبوی کو (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: محرم کیلئے۔۔۔ممنوع ہے۔

(الف) شکار کرنا (ب) جانور کی طرف اشارہ کرنا (ج) شکار کیلئے کسی بھی طرح بتانا (د) یہ تمام چیزیں

سوال نمبر20: جس امر کی شریعت میں مخالفت نہ آئی ہو وہ۔۔۔ہے۔

(الف) مباح (ب) جائز (ج) ناجائز (د) پہلا اور دوسرا

سوال نمبر21: ۔۔۔کے ساتھ تجارت کے ارادہ سے ایک مہاجر شام کی طرف روانہ ہوئے۔

(الف) کفار (ب) عیسائیوں (ج) مشرکین (د) مسلمان

سوال نمبر22: جس چاندی کے جام پر سونے کا کام کیا ہوا تھا اس میں چاندی۔۔۔ تھی۔

(الف) تین سو مثقال (ب) تین سو اوقیہ (ج) تین سو گرام (د) تین سو تولہ

سوال نمبر23: "نہ تو اپنے بندے پر دو خوف جمع کروں گا اور نہ اس کیلئے۔۔۔جمع کروں گا۔"

(الف) دو مال (ب) دو عظمتیں (ج) دو امن (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24: نبی کریم ﷺ نے کون سے نبی علیہ السلام کے روزے رکھنے کا صحابی کو حکم فرمایا؟

(الف) حضرت آدم علیہ السلام کے (ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے

(ج) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے (د) حضرت داؤد علیہ السلام کے

سوال نمبر25: جو کافروں سے دوستی کرتے ہیں وہ اپنی جانوں پر۔۔۔ کرتے ہیں۔

(الف) رحم (ب) نرمی (ج) شفقت (د) ظلم

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنز المدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **متوسط سال اول** | پرچہ: **تیسرا** | مضمون: **الحدیث الشریف**

تاریخ: **14-02-2024** | دن: **بدھ** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: عبادت کی اقسام کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: عبادت مقصودہ کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: جس شخص نے گناہ کیا اور توبہ کیے بغیر مر گیا اس کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: نبی کریم ﷺ سے سب سے زیادہ محبت کرنے کا مطلب کیا ہے؟

سوال نمبر 5: فسادِ امت سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 6: اصولِ شرع کے اعتبار سے بدعت کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: بدعت کا لغوی معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: بدعت کی مطلقاً کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: سب سے پہلے قرآن پاک پر نقطے کس نے لگوائے؟

سوال نمبر 10: سب سے پہلے مسجد میں محراب بنانا کس نے ایجاد کیا؟

سوال نمبر 11: ذات الجنب سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 12: صدر الشریعہ مفتی امجد علی اعظمی علیہ الرحمۃ نے شہید حکمی کی کتنی اقسام بیان کی ہیں؟

سوال نمبر 13: گلے میں تعویذ ڈالنا کیسا ہے؟

سوال نمبر 14: لذتوں کو ختم کرنے والی چیز کون سی ہے؟

سوال نمبر 15: کس صورت میں موت کی تمنا کرنا جائز ہے؟

سوال نمبر 16: قریب المرگ آدمی کے پاس کون سی سورت پڑھی جائے؟

سوال نمبر 17: سورۃ یٰس کا کوئی خاص اثر تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: مرد کے لئے کفن سنت کتنے کپڑے ہیں؟

سوال نمبر 19: مرد کے لئے کفن کفایت کتنے کپڑے ہیں؟

سوال نمبر 20: عورت کے لئے کفن سنت کتنے کپڑے ہیں؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: بدعت کی اقسام خمسہ کے نام اور مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: بخار کے پانچ علاج تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: تلقین کا طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: مریض کی عیادت کی فضیلت پر کوئی ایک روایت ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 5: ایمان لانے کی برکت کیا ہے؟ اردو میں ایک حدیث بیان کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **متوسطہ سال اول** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **الحدیث الشریف**

تاریخ: **14-02-2024** دن: **بدھ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ___________ دستخط نگران مرکز امتحان: __________ دستخط مفتش: _________

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25=25x1)**

سوال نمبر 1: نیت والی حدیث حضرت ۔۔۔ سے مروی ہے۔

(الف) ابوبکر صدیق (ب) عمر فاروق (ج) عثمان غنی (د) مولا علی رضی اللہ عنہم

سوال نمبر 2: "ھَاجَرَ" کا معنی ہے "اس نے ۔۔۔"

(الف) کاٹا (ب) پیا (ج) ہجرت کی (د) ادا کیا

سوال نمبر 3: اعمال کا ثواب ۔۔۔ ہے۔

(الف) نیت پر (ب) زیادہ (ج) کم (د) بدلے پر

سوال نمبر 4: عبادت کی ۔۔۔ قسمیں ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 5: کلمہ طیبہ کی گواہی دینے سے مراد تمام اسلامی ۔۔۔ قبول کرلینا ہے۔

(الف) افعال (ب) احکام (ج) رسومات (د) عقائد

سوال نمبر 6: حدیث میں مومن سے مراد مومن ۔۔۔ ہے۔

(الف) صالح (ب) کامل (ج) عابد (د) صائم

سوال نمبر 7: حدیث میں محبوب سے مراد ۔۔۔ ہے۔

(الف) طبعی محبوب (ب) عقلی محبوب (ج) اُلفتی محبوب (د) تینوں میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: حدیث کے مطابق: آخری زمانے میں جھوٹے ۔۔۔ ہوں گے۔

(الف) لوگ (ب) مالدار (ج) دجال (د) غرباء

سوال نمبر 9: "دجل" کا معنی ۔۔۔ ہے۔

(الف) حسد (ب) کینہ (ج) دھوکہ (د) گمراہ

سوال نمبر 10: "وَقَّرَ" کا معنی ہے "اس نے ۔۔۔ کی۔"

(الف) اعانت (ب) شرکت (ج) تقسیم (د) تعظیم

سوال نمبر 11: "اَعَانَ" کا معنی ہے "اس نے ۔۔۔ کی۔"

(الف) مدد (ب) شرکت (ج) تقسیم (د) تعظیم

سوال نمبر 12: حدیث میں صاحب بدعت سے مراد ۔۔۔ ہے۔

(الف) فاجر (ب) فاسق (ج) بے دین (د) بے عمل

سوال نمبر 13: تقدیر الٰہی کو جھٹلانے والے اس امت کے ۔۔۔ ہیں۔

(الف) یہودی (ب) مجوسی (ج) عیسائی (د) مشرک

سوال نمبر14: "تَمَسَّک"کا معنی۔۔۔ ہے۔

(الف) غور سے دیکھنا　(ب) مضبوطی سے چلنا　(ج) آہستہ چلنا　(د) مضبوطی سے تھامنا

سوال نمبر15: فسادِ امت کے وقت سنت پر عمل کرنے سے۔۔۔ شہیدوں کا ثواب ملتا ہے۔

(الف)90　(ب)95　(ج)100　(د)105

سوال نمبر16: بدعت کا لغوی معنی۔۔۔ چیز ہے۔

(الف) نئی　(ب) پرانی　(ج) بڑی　(د) چھوٹی

سوال نمبر17: اصول شرع کے اعتبار سے بدعت کی۔۔۔ اقسام ہیں۔

(الف)2　(ب)3　(ج)4　(د)5

سوال نمبر18: بدعت کی مطلقاً۔۔۔ اقسام ہیں۔

(الف)2　(ب)3　(ج)4　(د)5

سوال نمبر19: قرآن پاک پر اعراب۔۔۔ نے لگوائے۔

(الف) حضرت عمر فاروق　(ب) حضرت عثمان غنی　(ج) حجاج بن یوسف　(د) زید بن ثابت

سوال نمبر20: قرآن پاک پر اعراب سن۔۔۔ ہجری میں لگوائے گئے۔

(الف)93　(ب)94　(ج)95　(د)96

سوال نمبر21: بخار سر سے پاؤں تک ہر۔۔۔ میں اثر کرتا ہے۔

(الف) پٹھے　(ب) خلیے　(ج) رطوبت　(د) رگ

سوال نمبر22: درجات۔۔۔ سے ملتے ہیں۔

(الف) احکام　(ب) اعمال　(ج) مجالس　(د) دولت

سوال نمبر23: فیضان چہل احادیث میں۔۔۔ احادیث ہیں۔

(الف)30　(ب)35　(ج)40　(د)45

سوال نمبر24: ولید مروانی کے دور میں محراب حضرت۔۔۔ نے ایجاد کی۔

(الف) حضرت عمر فاروق　(ب) حضرت عمر بن عبد العزیز　(ج) حضرت خالد بن ولید　(د) حضرت عثمان غنی

سوال نمبر25: شریعت و طریقت کے۔۔۔ سلسلے ہیں۔

(الف)2　(ب)3　(ج)4　(د)5

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **متوسط سال اول** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **التربیۃ الاسلامیۃ**

تاریخ: **15-02-2024** دن: **جمعرات** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: دودھ پینے کی دعا تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: سب کو پالنے والا کون ہے؟

سوال نمبر 3: اللہ پاک نے سب سے زیادہ علم واختیار کس کو دیئے ہیں؟

سوال نمبر 4: جو نماز کی فرضیت کا انکار کرے وہ کیا ہے؟

سوال نمبر 5: انسان کے ساتھ ہر وقت رہنے والے فرشتوں کے نام کیا ہیں؟

سوال نمبر 6: نبی کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 7: کس نبی نے چاند کے دو ٹکڑے کیے؟

سوال نمبر 8: پہلی آسمانی کتاب کون سی ہے؟

سوال نمبر 9: زبور کس نبی علیہ السلام پر نازل ہوئی؟

سوال نمبر 10: قرآن پاک کی سب سے پہلی آیت کہاں نازل ہوئی؟

سوال نمبر 11: کیا لیٹ کر قرآن پڑھ سکتے ہیں؟

سوال نمبر 12: عشرہ مبشرہ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 13: اسد اللہ کس صحابی کا لقب ہے؟

سوال نمبر 14: قرآن میں کس صحابی کا نام آیا ہے؟

سوال نمبر 15: مدرسہ میں طلبہ کا بلند آواز سے قرآن پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 16: دورانِ تلاوتِ قرآن کوئی عظیم شخصیت آجائے تو کیا اس کی تعظیم کے لئے کھڑے ہو سکتے ہیں؟

سوال نمبر 17: قرآن پاک کے کتنے پارے ہیں؟

سوال نمبر 18: قرآن پاک کتنے عرصے میں نازل ہوا؟

سوال نمبر 19: تورات کے بعد کون سی کتاب نازل ہوئی؟

سوال نمبر 20: کس نبی علیہ السلام کی انگلیوں سے پانی کے چشمے نکلے تھے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: پانچواں کلمہ مع ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: عشرہ مبشرہ میں کون کون سے صحابہ کرام شامل ہیں؟ سب کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: وضو کا مکمل طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: نماز کے فرائض لکھئے اور ان کی مختصر وضاحت بھی کیجئے۔

سوال نمبر 5: جھوٹ کی تعریف اور اس کی سزا تحریر کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **متوسطسال اول** | پرچہ: **چوتھا** | مضمون: **التربیۃ الاسلامیۃ**

تاریخ: **15-02-2024** | دن: **جمعرات** | کل وقت: **30منٹ** | کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتش: __________

# حصہ اول: معروضی

## کثیرالانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25x1=25)**

سوال نمبر1: نماز۔۔۔کا ستون ہے۔

(الف) مسجد (ب) محل (ج) دین (د) عبادت

سوال نمبر2: روزہ۔۔۔ہجری میں فرض ہوا۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر3: حضرت اسرافیل کے ذمہ۔۔۔ہے۔

(الف) وحی پہنچانا (ب) روح قبض کرنا (ج) رزق پہنچانا (د) صور پھونکنا

سوال نمبر4: ابوالبشر حضرت۔۔۔کو کہتے ہیں۔

(الف) نوح علیہ السلام (ب) ابراہیم علیہ السلام (ج) آدم علیہ السلام (د) موسیٰ علیہ السلام

سوال نمبر5: قرآن کے۔۔۔پارے ہیں۔

(الف) 35 (ب) 37 (ج) 38 (د) 30

سوال نمبر6: سب سے زیادہ احادیث حضرت۔۔۔سے مروی ہیں۔

(الف) ابوہریرہ (ب) زید بن ثابت (ج) عبداللہ بن زبیر (د) عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم

سوال نمبر7: حضرت شمس الدین سیالوی کا مزار۔۔۔میں ہے۔

(الف) فیصل آباد (ب) سیال شریف (ج) ملتان (د) لاہور

سوال نمبر8: وضو سے پہلے بسم اللہ شریف پڑھنا۔۔۔ہے۔

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مباح

سوال نمبر9: سب کو پالنے والا۔۔۔ہے۔

(الف) مقررہ فرشتہ (ب) اللہ تعالیٰ (ج) حاکم وقت (د) انسان

سوال نمبر10: سب سے زیادہ علم حضرت۔۔۔کو عطا کیا گیا۔

(الف) آدم علیہ السلام (ب) عیسیٰ علیہ السلام (ج) محمد ﷺ (د) سلیمان علیہ السلام

سوال نمبر11: حضرت محمد ﷺ نے۔۔۔سال کی عمر میں اعلان نبوت فرمایا۔

(الف) 25 (ب) 30 (ج) 40 (د) 45

سوال نمبر12: مومن کی معراج۔۔۔ہے۔

(الف) نماز (ب) زکوۃ (ج) روزہ (د) حج

سوال نمبر13: مشہور فرشتے۔۔۔ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 5 (د) 4

سوال نمبر14: نماز میں قبلہ کی طرف منہ کرنے کو۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف)ادبار قبلہ (ب)اشمال قبلہ (ج)استقبال قبلہ (د)تینوں میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15: نماز کے۔۔۔فرائض ہیں۔

(الف)5 (ب)7 (ج)8 (د)9

سوال نمبر16: اعلیٰ کا معنی۔۔۔ہے۔

(الف)اچھا (ب)سننا (ج)عظیم (د)بلندترین

سوال نمبر17: حضرت۔۔۔خاتم النبیین ہیں۔

(الف)آدم علیہ السلام (ب)محمد ﷺ (ج)موسیٰ علیہ السلام (د)عیسیٰ علیہ السلام

سوال نمبر18: نماز کے فرض ہونے کا انکار کرنے والا۔۔۔ہے۔

(الف)کافر (ب)مجوسی (ج)منافق (د)مشرک

سوال نمبر19: نماز نبی کریم علیہ السلام کی۔۔۔کی ٹھنڈک ہے۔

(الف)دل (ب)دماغ (ج)سینہ (د)آنکھوں

سوال نمبر20: نماز پل صراط کے لئے۔۔۔ہے۔

(الف)ڈھال (ب)روشنی (ج)کنارہ (د)تینوں میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: انبیاء کی تعداد۔۔۔ہے۔

(الف)10000 (ب)50000 (ج)100000 (د)کنفرم اللہ جانتا ہے

سوال نمبر22: جو نئی شریعت لے کر آئے اس کو۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف)نبی (ب)رسول (ج)ولی (د)تابعی

سوال نمبر23: حضرت۔۔۔نے چاند کے دو ٹکڑے کیے۔

(الف)آدم علیہ السلام (ب)عیسیٰ علیہ السلام (ج)موسیٰ علیہ السلام (د)محمد ﷺ

سوال نمبر24: حضرت۔۔۔کے پتھر پر عصا مارنے سے چشمے جاری ہوئے۔

(الف)آدم علیہ السلام (ب)عیسیٰ علیہ السلام (ج)موسیٰ علیہ السلام (د)محمد ﷺ

سوال نمبر25: حضرت۔۔۔کے زمین پر ایڑھیاں رگڑنے سے زم زم نکلا۔

(الف)آدم علیہ السلام (ب)اسماعیل علیہ السلام (ج)موسیٰ علیہ السلام (د)محمد ﷺ